السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آیۃ الکرسی کے متعلق آپ کا فتویٰ ہے کہ نماز کے بعد پڑھنے والی حدیث ضعیف ہے۔ لیکن بلوغ المرام میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ اور ابن حبان رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ برائے مہربانی اس حدیث کے متعلق اچھی طرح وضاحت فرمادیں۔ امام نسائی کے نزدیک بھی یہ حدیث صحیح ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث ہذا شواہد کی بناء پر صحیح ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! تلمیذ رشید حافظ عبدالروَف بن عبدالحنان کی کتاب ''القول المقبول'' ضعف کا فتوی اس وقت میرے ذہن میں نہیں۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:592

محدث فتویٰ